سرکاری رپورٹ

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات 2022

منگل، 14-جون 2022

(یوم الثلاثہ، 14 ذیقعد 1443ھ)

## سترہویں اسمبلی: چالیسواں اجلاس

جلد 40 : شمارہ 2

43

# ایجنڈا

# برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

## منعقدہ14۔جون2022

تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبولﷺ

## سرکاری کارروائی

### (اے)بجٹ کا ایوان میں پیش کیا جانا

1۔ سالانہ بجٹ گوشوارہ برائے سال2023-2022

**ایک وزیر** سالانہ بجٹ گوشوارہ برائے سال2023-2022ایوان میں پیش کریں گے۔

2۔ ضمنی بجٹ گوشوارہ برائے سال2022-2021

**ایک وزیر** ضمنی بجٹ گوشوارہ برائے سال2022-2021ایوان میں پیش کریں گے۔

3۔ گوشوارہ مالیاتی خدشات برائے سال2022-2021

**ایک وزیر** گوشوارہ مالیاتی خدشات برائے سال2022-2021ایوان میں پیش کریں گے۔

4۔ گوشوارہ مالیاتی خدشات برائے سال2023-2022

**ایک وزیر** گوشوارہ مالیاتی خدشات برائے سال2023-2022ایوان میں پیش کریں گے۔

44

## (بی) مسودہ قانون کا ایوان میں پیش کیا جانا

5- **مسودہ قانون مالیات پنجاب 2022**

**ایک وزیر** مسودہ قانون مالیات پنجاب 2022 ایوان میں پیش کریں گے۔

## (سی) ترامیم کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

6- **قانون خدمات پر سیلز ٹیکس پنجاب 2012 کے دوسرے شیڈول میں ترامیم**

**ایک وزیر** قانون خدمات پر سیلز ٹیکس پنجاب 2012 کے دوسرے شیڈول میں ترامیم ایوان کی میز پر رکھیں گے۔

45

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## سترہویں اسمبلی کا چالیسواں اجلاس

منگل،14۔جون2022

(یوم الثلاثہ،14۔ذیقعد1443ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز لاہور میں رات 9 بج کر 45 منٹ پر جناب سپیکر جناب پرویز الٰہی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔

---

تلاوت قرآن پاک وترجمہ قاری عبدالماجد نور نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیمo

بسم اللہ الرحمٰن الرحیمO

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ
وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ﴿٥٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا
وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُهِينًا ﴿٥٧﴾ وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ الْمُؤْمِنِينَ
وَالْمُؤْمِنَاتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوا فَقَدِ احْتَمَلُوا بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُبِينًا ﴿٥٨﴾

سورۃ الاحزاب (آیات نمبر56 تا58)

اللہ اور اس کے فرشتے اِس پیغمبر ﷺ پر درود بھیجتے ہیں مومنو! تم بھی اُن پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجا کرو(56) جو لوگ اللہ اور اس کے پیغمبر ﷺ کو اذیت پہنچاتے ہیں اُن پر اللہ دنیا اور آخرت میں لعنت کرتا ہے۔ اور اُن کے لئے اُس نے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے(57) اور جو لوگ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ایسے کام کی تہمت سے جو انہوں نے نہ کیا ہو ایذا دیں تو انہوں نے بہتان کا اور کھلے گناہ کا بوجھ اپنے سر رکھا(58)

وما علینا الا البلاغo

نعت رسول مقبولﷺ الحاج اختر حسین قریشی نے پیش کی۔

## نعت رسول مقبولﷺ

خوشبو ہے دو عالم میں تیری اے گلِ چیدہ
کس منہ سے بیاں ہوں تیرے اوصافِ حمیدہ
تجھ سا کوئی آیا ہے نہ آئے گا جہاں میں
دیتا ہے گواہی یہی عالم کا جریدہ
تو روح زمن رنگ چمن ابرِ بہاراں
تو حسن سُخن شان ادب جانِ قصیدہ
اے رحمت عالم تیری یادوں کی بدولت
کس درجہ سکوں میں ہے میرا قلبِ تپیدہ

**رانا مشہود احمد خان:** جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔جناب سپیکر! گورنر صاحب نے اجلاس prorogue کر دیا ہے۔

## سالانہ بجٹ 23-2022 پیش کرنے کے لئے وزیر خزانہ کو تقریر کی دعوت دینا

**جناب سپیکر:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔جیسا کہ آپ سب کو معلوم ہے کہ آج کا دن گورنر پنجاب نے رولز آف پروسیجر صوبائی اسمبلی پنجاب 1997 کے رول 134 اور 147 کے تحت سالانہ بجٹ اور ضمنی بجٹ پیش کرنے کے لئے مقرر فرمایا ہے۔میں وزیر خزانہ سردار اویس احمد خان لغاری کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ بجٹ تقریر پیش کریں۔میں وزیر خزانہ سردار اویس احمد خان لغاری کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ بجٹ تقریر پیش کریں۔میں وزیر خزانہ سردار اویس احمد خان لغاری کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ بجٹ تقریر پیش کریں۔

**وزیر خزانہ** (سردار اویس احمد خان لغاری): جناب سپیکر! میں آپ کی بڑی عزت کرتا ہوں۔میں آپ کا مشکور ہوں کہ دو دنوں کے بعد آپ نے مجھے موقع دیا ہے لیکن بدقسمتی سے اس وقت ہماری جتنی بھی proceeding ہو رہی ہے یہ قانون کے مطابق نہیں ہے کیونکہ اجلاس prorogue ہو چکا ہے۔.This is a public information خوش قسمتی سے گورنر کی طرف سے اجلاس prorogue ہونے کا notification پورے پاکستان میں مشتہر ہو چکا ہے۔

**جناب سپیکر:** آج گورنر کا اختیار ختم ہو چکا۔آج گورنر کا اختیار ختم ہے۔

(اس مرحلہ پر حزب اقتدار کے معزز اراکین ایوان سے باہر تشریف لے گئے)

**جناب سپیکر:** اب اجلاس کل مورخہ 15۔جون 2022 بوقت ایک بجے دن تک ملتوی کیا جاتا اور کل بجٹ پیش کیا جائے گا۔

---